دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (ایجوکیشن) انٹرنس ٹسٹ۔ 2023

## PhD (Education) Entrance Test - 2023

## Question Paper cum Answer Script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے
نمبرات : 70

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

---

For Office Use

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

پی ایچ ڈی (ایجوکیشن) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2023

PhD (Education) Entrance Test - 2023

Question Paper cum Answer Script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (8) صفحات پر مشتمل ہے۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

# (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ تحقیق کی تعریف اس طرح بیان کی جاسکتی ہے۔

(A) مسئلے کے حل تک پہونچنے کا عمل
(B) معطیات کے جمع کرنے اور مسئلے کے حل تک پہونچنے کا عمل
(C) ایک حل رخی عمل
(D) مسئلے کے حل کے لیے مختلف سرگرمیاں سائنسی انداز میں انجام دینے کا عمل

2۔ درج ذیل میں تحقیق کا کون سا عنوان درست ہے؟

(A) جماعت نہم کے طلبہ کی ہندی میں حصولیابی اور مطالعے کی عادت کے مابین رشتہ
(B) جے پور کے سرکاری اسکولوں کے جماعت نہم کے طلبہ کی طبیعیات میں حصولیابی پر کمپیوٹر معاونتی تدریس (Computer Aided Instruction) کی اثر آفرینی کا مطالعہ
(C) طبیعیات میں حصولیابی پر، کمپیوٹر معاونتی تدریس (Computer Aided Instruction) کی اثر آفرینی
(D) مہاتما گاندھی کے اقدار کا مطالعہ

3۔ اگر The probability of type I error = $\alpha$ ہو تب $1-\alpha$

(A) $H_0$ کو رد کرنے کی امکانیت (Probability) جب $H_0$، صحیح (True) ہو
(B) $H_0$ کو رد نہ کرنے کی امکانیت (Probability) جب $H_0$، صحیح (True) ہو
(C) $H_0$ کو رد نہ کرنے کی امکانیت (Probability) جب $H_1$، صحیح (True) ہو
(D) $H_0$ کو رد کرنے کی امکانیت (Probability) جب $H_1$، صحیح True ہو

4۔ نمونہ بندی کے لیے درج ذیل میں سے کون سی چیز Up-to-date، مکمل اور Affordable ہونی چاہیے؟

(A) مردم شماری (Census)
(B) آبادی (Population)
(C) نمونہ بندی خاکہ (Sampling Frame)
(D) جواب دہندگان (Respondents)

5۔ درج ذیل میں سے کون سا طریقہ Reliability Method کا طریقہ نہیں ہے؟

(A) کڈر رچرڈسن کا ضابطہ-20 (Kuder-Richardson Formula-20)
(B) طاق۔جفت طریقہ (Odd-Even Method)
(C) متوازی پیکر طریقہ (Parallel Form Method)
(D) پیش گوئی کا طریقہ (Predictive Method)

6۔ درج ذیل میں کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) معتبریت (Authenticity) کا استعمال معطیات (Data) کی داخلی تنقید (Internal Criticism) کے لیے کیا جاتا ہے
(B) معتبریت (Authenticity) کا استعمال معطیات (Data) کی خارجی تنقید (External Criticism) کے لیے کیا جاتا ہے
(C) معتبریت (Authenticity) کا استعمال معطیات (Data) کی خارجی تنقید (External Criticism) کے لیے نہیں کیا جاتا ہے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

7۔ درج ذیل میں سے کون تجرباتی تحقیق کی طاقت (Strength) نہیں ہے؟

(A) نقل پذیری (Replicability)

(B) تحقیق میں استعمال ہونے والے تصورات کی تنگ یا محدود تعریف (Narrow Definition)

(C) علت ومعلول (Cause & Effect) رشتے کا قیام

(D) مداخلتی متغیرات (Intervening Variables) پر قابو (Control)

8۔ درج ذیل میں سے کس کی پیائش فرضی پیمانہ (Nominal Scale) پر کی جاتی ہے؟

(A) ایک سطر کے الفاظ (Words in a line)　(B) کتب خانے میں کتابیں (Books in the Library)

(C) (A) اور (B) دونوں　(D) قلم کی قیمت (Price of a pen)

9۔ اگر دیگر تمام عوامل (Factors) کو مستقل (Constant) رکھا جائے اور t-Statistics کی فروگذاشتی اصطلاح (Error Term) میں اضافہ کیا جائے تب:

(A) بین گروہی تغیر (between groups variance) بڑا ہوتا ہے

(B) Type I Error ہونے کی امکانیت بڑھ جاتی ہے

(C) Type II Error ہونے کی امکانیت بڑھ جاتی ہے

(D) صفر مفروضے (Null Hypothesis) کو رد کرنے کا احتمال (Likelihood) زیادہ ہوتا ہے۔

10۔ باہم مربوط (correlated) , t-test کے لیے مقصد (Objective) کو ان الفاظ میں بیان کیا جانا چاہیے۔

(A) مطالعے کے ماقبل (Pre) اور مابعد (Post) مراحل (Stages) کے نشانات (Scores) میں فرق کا مطالعہ کرنا

(B) مطالعے کے ماقبل (Pre) اور مابعد (Post) مراحل (Stages) کے متغیرات کے نشانات کا موازنہ کرنا

(C) مطالعے کے ماقبل (Pre) اور مابعد (Post) مراحل (Stages) کے متغیرات کے نشانات کے اوسط (Mean) کا موازنہ کرنا

(D) مطالعے کے ماقبل (Pre) اور مابعد (Post) مراحل (Stages) کے اوسط نشانات میں فرق کا مطالعہ کرنا

11۔ اگر آبادیوں (Populations) کے True Means مساوی ہوں تب $MSS_{Error}$ / $MSS_{Treatment}$ ہونا چاہیے۔

(A) 1.00 سے زیادہ　(B) 1.0 سے قریب

(C) 0.0 سے قریب　(D) دی گئی معلومات فیصلہ کرنے کے لیے ناکافی ہے

12۔ کسی تحقیق میں Covariate کی کم از کم تعداد ہوسکتی ہے۔

(A) 1　(B) 2

(C) 3　(D) ان میں سے کوئی نہیں

13۔ اگر جوڑی کے نشانات (Paired Scores) اپنے (Distribution) کے جیسی ہی حالت رکھتے ہوں (زیادہ کے ساتھ زیادہ اور کم کے ساتھ کم (High with high and low with low) تو:

(A) Pearson r، کم اور منفی (Low & Negative) ہوگا　(B) Pearson r زیادہ اور مثبت (High & Positive) ہوگا

(C) معیاری انحراف (Standard Deviation)، زیادہ (High) ہوگا　(D) Pearson r، صفر (Zero) سے قریب ہوگا۔

14۔ ہم رشتگی سے متعلق درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) جزوی ہم رشتگی (Partial Correlation)' غیر عواملی (Non Parametric) شماریات (Statistics) ہے۔

(B) دو متغیرات میں سے' ایک مجرد مفروضہ (Discrete Variable) کا حامل ہوگا۔

(C) جزوی ہم رشتگی (Partial Correlation)' ایک عواملی (Parametric) شماریات (Statistics) ہے۔

(D) جزوی ہم رشتگی (Partial Correlation) اور کثیر ہم رشتگی (Multiple Correlation) کی تشریح ایک ہی انداز / طریقے سے کی جاتی ہے

15۔ کثیر ہم رشتگی (Multiple Correlation) میں پیائش کا پیمانہ (Scale of Measurement) ہونا چاہیے۔

(A) فرضی پیمانہ (Nominal Scale)
(B) عام پیمانہ (Ordinal Scale)
(C) وقفہ پیمانہ (Interval Scale)
(D) ان میں سے کوئی نہیں

16۔ کسی خطِ مستقیم (Straight Line) کے لیے الجبری نمونے (Algebric Model) کے معاملے میں' متغیر x کی قیمت متعین (Specified) ہو تو:

(A) جوابی متغیر (Response Variable) کی بالکل صحیح قیمت (Exact Value) محسوب کی جاسکتی ہے

(B) محسوب جواب (Computed Response)' آزاد قیمت (Independent value) کے لیے' ہمیشہ اقل ترین باقی (Minimal Residual) فراہم کرے گا

(C) y کی تحسیب کردہ قیمت ہمیشہ اوسط جواب (Mean Response) کی بہترین تخمینہ (Best Estimate) ہوگی۔

(D) ان میں سے کوئی نہیں

17۔ اصطلاح شماریاتی آزادی (Statistical Independence) کے معنیٰ ہیں۔

(A) مطالعے میں ایک سے زیادہ' آزاد متغیرات (Independent Variables) ہیں
(B) صفر مفروضہ درست ہے
(C) متبادل مفروضہ (The Alternative Hypothesis) درست ہے
(D) دونوں متغیرات میں کوئی رشتہ نہیں

18۔ کس جانچ (Test) کی تحسیب' شرکاء (Participants) کے نشانات (Scores) کی ترتیب ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف کرتے ہوئے اور ہر حالت میں درجات (Ranks) کی جمع کرتے ہوئے کی جاتی ہے۔

(A) Mann-Whitney U Test
(B) Spearman's Rho
(C) Friedman's One Way ANOVA
(D) Pearson's r

19۔ تحقیق کی روداد نویسی کے ضمن میں درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) کسی Caption Number کا پہلا ہندسہ (First Digit) باب (Chapter) کو ظاہر کرتا ہے

(B) کسی Caption Number کا دوسرا ہندسہ (Second Digit) باب (Chapter) کو ظاہر کرتا ہے

(C) کسی Caption Number کا پہلا ہندسہ (First Digit) اہم نکتے (Main Point) کو ظاہر کرتا ہے

(D) کسی Caption Number کا دوسرا ہندسہ (Second Digit) اہم نکتے (Main Point) کو ظاہر کرتا ہے۔

20۔ غیر امکانی (Non-probability) قسم کی نمونہ بندی ہے۔

(A) Snowball Sampling
(B) Random Sampling
(C) Cluster Sampling
(D) Multistage Sampling

21۔ درج ذیل میں سے کس تحقیقی آلہ کو معیاری (Standardised) نہیں بنایا جاسکتا ہے؟

(A) مشاہداتی خاکہ (Observation Schedule) (B) ملاقاتی خاکہ (Inter view Schedule)

(C) سوالنامہ (Questionnaire) (D) یہ سبھی

22۔ تجرباتی مطالعہ (Experimental Study) کرتے وقت، درج ذیل میں سے کون سا قدم (Step) ضروری نہیں ہے؟

(A) آزاد متغیر کی ہیرا پھیری (Manipulation) (B) آلے کا انتخاب

(C) مفروضے کی تشکیل (D) مداخلتی متغیرات (Intervening Variables) کو قابو میں رکھنے کے لیے نمونے کی ذیلی گروہوں میں تقسیم

23۔ اگر شرکاء کو 6 تصاویر کے سیٹ میں سے اپنی پسندیدہ ایک تصویر منتخب کرنے کے لیے کہا جائے تو پیائش کی سطح (Level of Measurement) کیا ہوگی؟

(A) فرضی (Nominal) (B) نسبتی (Ratio)

(C) وقفہ (Interval) (D) عام (Ordinal)

24۔ Two Way ANOVA میں منحصر متغیرات (Dependent Variables) کم از کم کتنے ہوتے ہیں؟

(A) 2 (B) 1

(C) 3 (D) 4

25۔ Two Way ANCOVA کے تناظر میں درج ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے۔

(A) Two way ANCOVA کو 2x2 Factorial Design ANCOVA بھی کہا جاسکتا ہے

(B) Two way ANCOVA کو 2x4 Factorial Design ANCOVA بھی کہا جاسکتا ہے

(C) Two way ANCOVA کو 4x3 Factorial Design ANCOVA بھی کہا جاسکتا ہے

(D) آزاد متغیر کی سطح پر انحصار کرتے ہوئے مندرجہ بالا میں سے کوئی بھی

## Concerned Subject (Education)

26۔ جب 'پراکرتی' کی تین خوبیاں (آدمی پرشا)(Purusha) کے رابطے میں آئیں تو کائنات کی تخلیق عمل میں آئی' یہ کس کا عقیدہ ہے؟

(A) گوتم بدھ (Gotham Buddha) (B) ممسا (Mimamsa)

(C) سانکھیا (Sankhya) (D) یوگا (Yoga)

27۔ کس مکتبہ فکر (School) نے اظہار ذات کو کوئی مداخلت نہیں' کوئی پابندیاں نہیں (No Interference No Restraints) کے ساتھ رکھا؟

(A) فطریت کی انتہائی شکل (B) فطریت کی سب سے مقبول شکل

(C) فطریت کی صحیح ترین شکل (D) فطریت کی سب سے زیادہ جائز شکل

28۔ درج ذیل میں سے کون سی چیز کسی ملک کی مادی ثقافت (Material Culture) کا حصہ نہیں ہے؟

(A) جنگی ٹکنالوجی (Warfare Technology) (B) مکانات (Houses)

(C) سافٹ ویر ٹکنالوجی (Software Technology) (D) صنعتی ترقی (Industrial Growth)

29۔ اعلیٰ تعلیم (Higher Education) کی تزئین و آرائش اور جدید کاری (Renovation and rejuvenation) کس کا مقصد ہے؟

(A) یشپال کمیٹی رپورٹ (B) جسٹس ورما کمیٹی رپورٹ

(C) کوٹھاری ایجوکیشن کمیشن رپورٹ (D) ان میں سے کوئی نہیں

30۔ Peter Bridgeman and Glyn David کے مطابق پالیسی سائیکل کے کتنے مراحل (Steps) ہیں؟

(A) 7 (B) 8

(C) 9 (D) 10

31۔ Adesina (1981) کے مطابق Cost Benefit Approach کے لحاظ سے تعلیم کیا ہے؟

(A) سرمایہ کاری (Investment) (B) منافع (Profit)

(C) نقصان (Loss) (D) یہ سبھی

32۔ کوئی فرد اپنے برتاؤ کو سماجی قبولیت (Social Acceptance) کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کس عمر میں کرتا ہے؟

(A) 13 تا 20 سال (B) 14 تا 21 سال

(C) 10 تا 21 سال (D) 15 تا 23 سال

33۔ درج ذیل میں سے کس قسم کی ذہانت کو تخلیقی ذہانت (Creative Intelligence) بھی کہتے ہیں؟

(A) تجربی ذہانت (Experimental Intelligence) (B) سیاقی ذہانت (Contextual Intelligence)

(C) جزوی ذہانت (Componential Intelligence) (D) عملی ذہانت (Practical Intelligence)

34۔ عامل مشروط (Operant Conditioning) کا دوسرا نام کیا ہے؟

(A) Classical Conditioning (B) Instrumental Conditioning

(C) Reinforcement Conditioning (D) ان میں سے کوئی نہیں

35۔ کس قسم کی مشاورت، مؤکل رخی (Counselee Oriented) ہوتی ہے؟

(A) اصطفائی (Eclectic) (B) غیر رہنمایانہ (Non Directive)

(C) رہنمایانہ (Directive) (D) ان میں سے کوئی نہیں

36۔ کس اعلیٰ تعلیمی ادارے نے تعلیم اساتذہ کے لیے انضمامی نمونہ (Integrated Model) پر سب سے پہلے زور دیا ؟

(A) NCTE (B) NCERT

(C) AICTE (D) UGC

37۔ PCK سے کیا مراد ہے؟

(A) Principle Content Knowledge (B) Pedagogical Content Knowledge

(C) Pedogogical Creative Knowledge (D) Principle Creative Knowledge

38۔ DIETS کا قیام کس کی سفارشات کے مطابق عمل میں آیا تھا؟

(A) NPE 1968 (B) NPE 1986

(C) کوٹھاری کمیشن (66-1964) (D) دستور میں 42ویں ترمیم کے تحت وضع کردہ دفعہ 1976

39۔ خودانعکاسی کا عمل (The Process of Self-reflection) کون سی مہارتوں کو فروغ دیتا ہے؟

(A) تحریری (Writing) (B) جائزہ (Assessment)

(C) تنقیدی سوچ (Critical Thinking) (D) یہ سبھی

40۔ کلاس روم ٹیچنگ میں زیر ملازمت استاد کی کارگزاری کو بہتر بنانے کے لیے کون سی ٹکنیک ہے؟

(A) مصنوعی تکنیک (Simulation Technique) (B) خرد تدریس (Micro Teaching)

(C) تعاملی تجزیہ (Interaction Analysis) (D) عملی تحقیق (Action Research)

41۔ درج ذیل میں سے کس ایجاد کو اطلاعی اور ترسیلی تکنالوجی (ICT) کے میدان میں اولین انقلاب کہا جاسکتا ہے؟

(A) کاغذ اور روشنائی (B) کمپیوٹر سافٹ ویر

(C) دھات اور چٹانیں (D) فوٹوگرافی

42۔ درج ذیل میں سے کس کو تعلیمی پیداوار (Educational Product) نہیں کہا جاسکتا ہے؟

(A) Online Courses (B) Social Networks

(C) Manuals (D) Tutorials

43۔ سماجی اکتساب (Social Learning) اس طرح سے ہوتا ہے۔

(A) راست رابطے (Direct Contact) کے ذریعے (B) غیر شخصی رابطے (Impersonal Contact) کے ذریعے

(C) شخصی رابطے (Personal Contact) کے ذریعے (D) ان میں سے کوئی نہیں

44۔ UDL کا فل فارم ہے:

(A) Universal Difference for Learning (B) Universal Design for Learning

(C) Universal Design for Learner (D) ان میں سے کوئی نہیں

45۔ پیشہ ورافراد گہرا شخصی عزم (Deep Personal Commitment) کس لیے رکھتے ہیں۔

(A) اپنی مہارت کو بڑھانے کے لیے (B) اپنے رفقاء کار (Peers) کا مضبوط گروپ بنانے کے لیے

(C) پیشہ ورانہ انداز میں برتاؤ کرنے کے لیے (D) اچھے برتاؤ کے فروغ کے لیے

46۔ نصابِ تعلیم (Curriculum) کے فروغ (Development) پر اثرانداز ہونے والی قوتوں (Forces) کو کہا جاتا ہے۔

(A) نصابی ڈیزائن (Curriculum Design) (B) نصابی تعینِ قدر (Curriculum Evaluation)

(C) نصابی عناصر (Elements of Curriculum) (D) نصابی بنیاد (Foundation of Curriculum)

47۔ تدریس واکتساب کے عمل میں طالب علم کوفراہم کیا جانے والا سب سے بڑا محرکہ کون سا ہے؟

(A) جائزہ (Assessment)
(B) سرگرمیاں (Activities)
(C) اکتساب (Learning)
(D) تعینِ قدر (Evaluation)

48۔ درج ذیل میں سے کون سی تکنیک کسی تعلیمی ادارے میں مراسلت(Correspondence)اورTutorial Support کومربوط کرتی ہے؟

(A) Flexi Study
(B) Programmed Learning
(C) Distance Education
(D) Computer Assisted Learning

49۔ درج ذیل میں سے کون سی خصوصیت(Characteristic) تنقیدی فن تدریس(Critical Pedagogy) کی خصوصیت نہیں ہے؟

(A) Indigenous Knowledge
(B) Justice and Equality in Education
(C) تعلیم میں تعطیلات کا کردار(Role of Vacation in Education)
(D) Promotes emancipation and intellectual growth

50۔ تشکیلی جائزہ (Formative Assessment) کی بنیادی توجہ کس چیز پر ہوتی ہے۔

(A) تشخیص اور اصلاح ایسے میدانوں(Areas) کی تشخیص کرنا جن میں بہتری(Improvement) کی ضرورت ہے
(B) استاد اور طلبہ کے تعلق کومضبوط بنانا
(C) انتظامی عملے کی جانچ پڑتال کرنا
(D) ان میں سے کوئی نہیں

## حصہ دوم (Part - B)

## Descriptive (Education)

چاروں سوالات کے جواب لکھیے: (4 X 5 = 20 marks)

(Research Methodology)

1۔ تحقیقی اخلاقیات(Research Ethics) سے متعلق اہم نکات کی وضاحت کیجیے۔

2۔ Chi-Square Test کا استعمال کس طرح کیا جاتا ہے؟ مرحلہ وار بیان کیجیے۔

(Subject Concerned)

3۔ شمولیتی تعلیم (Inclusive Education) کی دس مختلف خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

4۔ تعلیم اساتذہ (Teacher Education) سے متعلق NEP 2020 کی سفارشات بیان کیجیے۔(کم از کم دس سفارشات)